Oedipus Rex

Oedipus at Colonus, Antigone

Sophocles

سوفوکلیز کے تین عظیم ڈرامے

سوفوکلیز

ایڈی پس بادشاہ

ایڈی پس کلونس میں

این ٹگنی

سید عرفان علی

www.SyedIrfanAli.com

فہرست

سید عرفان علی

دنیا کی بہترین کتب کے تراجم آڈیو اور ٹیکسٹ ڈاؤن لوڈ کریں

اس کتاب کی آڈیو بک ڈائون لوڈ کریں

www.server555.com

www.SyedIrfanAli.com

سوفوکلیز۔ عظیم یونانی شاعر

تاریخ ساز شاعر کا تاریخ میں مقام

0	4.54 billion years ago	زمین کی ابتدا Earth formed around	
0	2.6 million years ago	برفانی دور Ice Age	
0	11700 BCE	برفانی دور کا اختتام	
0	8000-2000 BCE	Mesopotamia	میسوپوٹیمیا تہذیب Mesopotamia
1	3rd Millennium BCE	Sumerian	Hymns, codes, instructions and laments
2	3rd Millennium BCE	Egyptian	Pyramid and coffin texts in Ancient Egypt, North Africa
3	20th Century BCE	Sumerian	**The Epic of Gilgamesh”**
4	20th Century BCE	Egyptian	“The Story of Sinuhe”
5	18th Century BCE	Babylonian/Akkadian	“Enuma Elis”, “Atra-Hasis” and “Eridu Genesis”
6	16th Century BCE	Egypt	“Egyptian Book of the Dead”
7	16th – 11th Century BCE	Indian/Sanskrit	“Rigveda”
8	11th Century BCE	Egypt	“The Tale of Two Brothers” and “The Story of Wenamun”
9	11th – 9th Century BCE	Sanskrit/Indian	“Yajurveda”, “Samaveda” and “Atharvaveda”
10	11th – 6th Century BCE	Avestan/Persian	“Avesta” of Zoroastrianism
11	9th Century BCE		“I Ching” manual of divination China
12	9th – 7th Century BCE	Sanskrit/Indian	“Brahmanas” and the early “Upanishads”
13	9th – 6th Century BCE	Hebrew	Older parts of the “Old Testament” of the **“Bible”**, including the “Torah”
14	8th Century BCE	Greek	Epic poems **“The Iliad”** and **“The Odyssey”** of **Homer** and other Trojan War epic poems
15	8th Century BCE	Greek	Didactic poetry of **Hesiod**, including **“Theogony”**
16	8th Century BCE	Sanskrit/Indian	“Mahabharata” of Vyasa

17	7th – 6th Century BCE	Greek	Lyric poems of **Sappho**
18	6th Century BCE	Greek	**“Fables”** of **Aesop**
19	6th – 5th Century BCE	Chinese	“Four Books” of Confucius
20	5th Century BCE	Greek	Lyric poems and odes of **Pindar**
21	5th Century BCE	Greek	Tragic plays of **Aeschylus**, including **“The Oresteia”** and **“The Persians”**
22	5th Century BCE	Greek	Tragic plays of **Sophocles**, including **“Antigone”** and **“ Oedipus the King”**
23	5th Century BCE	Greek	Tragic plays of **Euripides**, including **“Medea”**, **“The Trojan Women”** and **“The Bacchae”**
24	5th – 4th Century BCE	Greek	Comic plays of **Aristophanes** including **“The Wasps”**, **“Lysistrata”** and **“The Frogs”**
25	4th Century BCE	Sanskrit/Indian	“Ramayana” of Valmiki
26	4th – 3rd Century BCE	Greek	Comic plays of **Menander**
27	3rd Century BCE	Greek	Epic poetry of **Apollonius of Rhodes** including **The Argonautica**
28	2nd Century BCE	Latin/Roman	Comic plays of Plautus and Terence
29	1st Century BCE	Latin/Roman	Lyric and elegiac poetry of **Catullus**
30	1st Century BCE	Latin/Roman	Epic and didactic poetry of **Vergil**, including **“The Aeneid”**
31	1st Century BCE	Latin/Roman	Lyric poetry and satires of **Horace**
32	1st Century BCE – 1st Century CE	Latin/Roman	Didactic, elegiac and epic poetry of **Ovid**, including **“Metamorphoses”**
33	1st Century CE	Latin/Roman	Tragic plays and satires of **Seneca the Younger**
34	1st Century CE	Latin/Roman	Epic poetry of **Lucan**
35	1st – 2nd Century CE	Latin/Roman	Satires of **Juvenal**
36	1st – 2nd Century CE	Latin/Roman	Letters of Pliny the Younger
37	1st – 2nd Century CE	Greek	New Testament of the Christian **“Bible”**
38	7th Century CE	” Old English/Anglo-Saxon	“Caedmon’s Hymn
39	7th Century CE	Arabic	Traditional date for Islamic “Qur’an”
40	8th Century CE	Anglo-Saxon	Epic poem **“Beowulf”**

پہلا ڈرامہ

ایڈی پس بادشاہ

سوفوکلیز

Classical Greek Theban Plays
Oedipus Rex, Oedipus King
Sophocles
Date Premiered: 429 BC

ایڈیپس ریکس ایڈیپس بادشاہ

ایڈی پس

زیتون کی شاخیں لئے عبادت کرتے ہوئے اور غمگین آوازوں کے ساتھ تمھاری یہاں موجودگی کا کیا مقصد ہے ؟

میں ای ڈی پس جس کی عظمت سے سب آگاہ ہیں یہاں خود موجود ہوں تاکہ تمھاری فریاد سنوں۔

کبھی خیال نہ کرنا کہ تمھاری مدد نہ کی جائے گی۔

تم کسی خطاء پر معافی کے طلب گار ہو یا پھر کوئی شے تمہیں تنگ کر رہی ہے ؟

ای ڈی پس تمھاری مدد کرے گا۔

بزرگ پجاری آپ نیک بھی ہیں اور عمر میں بھی بڑے تو بتائیں آخر مسئلہ کیا ہے ؟

پجاری

تھیبز کے عظیم حکمران ! عالی شان ای ڈی پس

دیکھیں آپ کے سامنے نوجوان بھی ہیں بوڑھے بھی اور وہ کم عمر بھی جو ابھی کنوارے ہیں۔

دیوتاؤں کے لئے نذرانوں کے ساتھ سب ہی موجود ہیں۔ کیوں۔ وہ اس لئے کہ تھیبز پر اس وقت تباہی کا وقت ہے۔

ہر طرف موت نظر آتی ہے فصلیں تباہ ہو رہی ہیں جانور بیمار ہیں۔

بیماریاں لوگوں کو مار رہی ہیں اور بچے پیدائش سے پہلے ہی مر رہے ہیں۔

الغرض تھیبز پر موت کا راج ہے۔ تو ہم آپ کے سامنے موجود ہیں کیونکہ جانتے ہیں کہ آپ اگرچہ دیوتا نہیں مگر بہت سی خفیہ باتوں سے آگاہ ہیں۔ آپ ہم سب سے افضل ہیں خوفناک بلا سفنکس سے نجات دلا کر آپ نے یہ بات ثابت کر دی تھی۔ ہم نے پہلے بھی آپ کو آزمایا اور دیوتاؤں کا پسندیدہ پایا تو آج پھر جب اس شہر پر تباہی آرہی ہے آپ ہی ہمیں اس مصیبت سے نجات دلائیں۔

ای ڈی پس

یہ نہ سمجھنا کہ میں تمھارے دکھ سے آگاہ نہیں۔ تم میں سے ہر ایک اپنے لئے پریشان ہے مگر ای ڈی پس کا دل تو تم سب کا درد محسوس کر رہا ہے۔ یہ نہ سوچنا کہ ای ڈی پس سوتا ہے اور تم اسے جگاتے ہو بلکہ ای ڈی پس تو مسلسل سوچتا رہتا ہے کہ کس طرح اس تکلیف سے نجات حاصل کی جائے۔ بلکہ کری اون جو تمھاری ملکہ کا بھائی ہے اور مے نوسی اس کا بیٹا۔ اسے ڈیل فائے پہلے ہی بھجوا چکا ہوں تاکہ وہ معلوم کرے کہ میں کس طرح اس شہر کو تباہی و بربادی سے بچا سکتا ہوں۔

بلکہ وہ دیکھو وہ واپس آرہا ہے۔

میرے دوست اور بھائی بتاؤ جلدی بتاؤ دیوتا کیا حکم دیتے ہیں۔ ان تمام لوگوں کے سامنے بتاؤ جو پریشان ہیں اور ان کی تکلیف میں ان سے زیادہ میں غمگین ہوں۔

کری اون

ڈیل فائے میں دیوتاؤں نے کہا ہے کہ ہم نے اس شہر میں گند کو پناہ دی ہوئی ہے اسے نکال دیں۔ آپ سے پہلے ہمارا پچھلا بادشاہ

مانگتی۔ جواب نہ ملنے پر انہیں مار کر کھا جاتی۔ لے اس بادشاہ ڈیل فائے گئے تا کہ دیوتا مصیبت سے نجات دلائیں۔ راستے میں ان پر حملہ ہوا محافظ اور بادشاہ قتل ہو گئے۔ صرف ایک محافظ بچا جو بے حد خوفزدہ تھا اور جس نے یہ باتیں بتائیں۔ سفنکس نامی بلا کی پریشانی اور دوسری مصیبتوں کی وجہ سے ہم بادشاہ کا انتقام نہ لے سکے۔ ڈیل فائے سے بھی یہی پیغام ملا کہ پچھلی باتوں کو چھوڑ کر آگے کی طرف دیکھا جائے۔ پھر آپ یہاں آئے اور سفنکس کی پہیلی کا جواب دے کر ہمیں اس عذاب سے نجات دلائی۔ مگر اب پندرہ سال بعد دوبارہ بادشاہ کے قتل کا بدلہ لینے کو کہا گیا ہے۔

ای ڈی پس

اپولو دیوتا نے درست کہا ہے کہ ہمیں قتل کا بدلہ لینا چاہیئے۔ قاتل کو میں خود پکڑوں گا اور اس طرح پکڑوں گا جیسے وہ میرا اپنا قاتل ہو۔ کیونکہ جو ایک بادشاہ کو قتل کر سکتا ہے وہ دوسرے یعنی مجھے بھی تو مار سکتا ہے۔ دیوتاؤں کا فیصلہ ہمیں ماننا ہے ان کا حکم پورا کرنا ہے۔ اے غمگین لوگو جلد ہی یہاں کیڈمس کے تمام لوگ موجود ہوں گے اور تم دیکھو گے کہ میں پوری قوت سے قاتل کو پکڑ رہا ہوں گا۔

پجاری

فی بس کا مقدس پیغام آ گیا اور بادشاہ نے وعدہ کر لیا کہ ہمیں تکالیف سے نجات دلائے گا۔

یہی ہم چاہتے تھے۔

ای ڈی پس اور کری اون محل کے اندر جاتے ہیں اور باقی تمام لوگ بھی چلے جاتے ہیں۔

****

ای ڈی پس

نہ جرم کا علم تھا اور نہ یہ کہ بادشاہ کا قاتل شہر سے عذاب ختم ہونے کی دعا ضرور قبول ہو گی۔ میں بادشاہ کے قتل سے نا آشنا تھا۔

لایا جائے اور بتانے والا انعام حاصل کرے۔ مگر مجرم کو پناہ دینے اور اسے بچانے والا سزا کا مستحق ہو گا۔ کوئی شہری قاتل کو پناہ نہ دے اپنے گھر سے نکال دے۔ مقدس جگہوں پر وہ قدم نہ رکھنے پائے۔

اپولو دیوتا کے حکم کے مطابق قاتل کو سزا ملنی چاہیئے۔ سزا تو ضرور ملے گی یہاں تک کہ اگر میرے رشتے داروں میں سے بھی ہو تو مجھ پر دیوتاؤں کا عذاب آئے۔ قتل کا بدلہ قتل ہے اور قاتل کی تلاش ہمارا فرض ہے۔

دیوتا اس بات کا نہ بھی کہتے تو ہمیں یہ ضرور کرنا چاہیئے تھا۔

ہاں اگر کسی نے قاتل کا علم ہونے کے باوجود اپنی زات یا دوستی یا خوف کی وجہ سے اس کے بارے میں آگاہ نہ کیا تو اس کے خلاف ای ڈی پس اعلان جنگ کرتا ہے۔ میں حق اور سچ پر ہوں اور دیوتا میرا ساتھ دیں گے۔ جس طرح آج ہم پریشانی میں ہیں پھر وہ پریشان حال ہوں گے اور تباہ و برباد ہو جائیں گے۔

تھیبز کے لوگو میرا ساتھ دو حق اور سچ کا ساتھ دو۔

تھیبز کا بوڑھا آدمی

میں حلفیہ کہتا ہوں کہ قتل نہ میں نے کیا ہے اور نہ ہی قاتل کا علم ہے مگر کیا ڈیل فائے سے غیبی طاقت ہمیں قاتل کا نام نہیں بتا سکتی؟

ای ڈی پس

انسان انسان ہے اور دیوتا دیوتا۔ ہم اس سے درخواست تو کر سکتے ہیں مگر مجبور نہیں۔ البتہ دیوتاؤں کے پسندیدہ لوگ ہماری مدد کر سکتے ہیں وہ غیب کا حال جانتے ہیں۔ نابینا ٹائی ری سی اس کو میں نے پیغام بھجوایا ہے کہ ہماری مدد کرے۔ لو وہ آگیا۔ اے غیب

دیکھو شہر تباہ ہو رہا ہے اور تم ہماری مدد کر سکتے ہو۔ پریشان حال لوگوں کی مدد سے بڑھ کر کیا کوئی اور نیکی بھی ہو سکتی ہے۔ نہیں تو ہماری مدد کرو تمہیں علم ہو چکا ہو گا کہ لے اس کا قاتل ہم میں موجود ہے تو کچھ کرو۔ کوئی ایسا معجزہ جس سے تھیبز کا عذاب ختم ہو جائے۔

ٹائی ری سی اس

میں جانتا ہوں قاتل کون ہے سچائی سے آگاہ ہوں مگر یہ بھی جانتا ہوں کہ سچ کس قدر بھیانک ہے۔ میں نے یہاں آکر غلطی کی یہاں آنا ہی نہیں چاہیئے تھا۔ تمہاری قسمت تمہارے ساتھ اور میری میرے ساتھ۔ مجھے گھر جانے دو عقلمندی خاموش رہنے میں ہی ہے کیونکہ سچ سننے کا تم میں حوصلہ نہ ہو گا۔

ای ڈی پس

تمہارے ملک کے لوگ تباہ ہو رہے ہیں اور تم سچ بتا کر انہیں عذاب سے نجات دلانے سے منع کر رہے ہو۔ اتنے بے رحم نہ بنو دیوتاؤں کا واسطہ سچ بتا دو۔

ٹائی ری سی اس

ای ڈی پس

تم نہ صرف بے حس ہو بلکہ پاگل بھی۔ ملک پر عذاب ہے لوگ تباہ حال ہیں اور تمہارا منہ بند ہے۔ جانتے ہوئے بھی نہ بتانے کا مقصد یہی ہو سکتا ہے کہ اصل قاتل تم خود ہو تم نے بادشاہ کو مروایا۔

ٹائی ری سی اس

میں نے خواہش کی کہ سچائی نہ بتاؤں مگر اب تم نے مجھے مجبور کر دیا ہے کہ سچ بتا دوں۔ سچ یہ ہے کہ تم ہی وہ شخص ہو جس کی وجہ سے تھیبز پر عذاب مسلط ہے۔

ای ڈی پس

کیا کہا دوبارہ کہو۔ کیا تمہیں علم ہے کیا کہہ رہے ہو کس کے لئے کہہ رہے ہو اور اس جھوٹ کے نتیجے میں تمہیں کیا سزا دی جا سکتی ہے۔

ٹائی ری سی اس

میں نے کہا کہ وہ گند تم ہو جس کا ذکر دیوتاؤں نے کیا ہے۔ تم نے مجھے مجبور کر دیا کہ سچ بولوں اور تم مجھے کیا سزا دو گے سچ میری حفاظت کرے گا۔ تم ہی وہ شخص ہو جو اپنے گناہوں اور بدکاری کو دیکھنے سے قاصر ہے اور اپنے پاک رشتوں کے ساتھ ناپاک تعلقات قائم کرتا رہا ہے۔

ای ڈی پس

سکتا اور نہ وہ جس کی آنکھیں ہیں۔

ٹائی ری سی اس

اندھا میں نہیں تم ہو جسے حقیقت نظر نہیں آتی۔ میں تمہیں کیوں نقصان پہنچاؤں گا یہ تو تمہارا اور دیوتا اپولو کا معاملہ ہے۔

ای ڈی پس

ہاں مجھے یقین ہونے لگا ہے کہ تمہیں کری اون نے اکسایا ہو گا کہ یہ سب کچھ کہو مجھ پر الزام لگاؤ۔

ٹائی ری سی اس

کری اون تو معصوم ہے تم گناہ گار ہو اور دماغ بھی تمہارا ہی خراب ہے میرا نہیں۔ جلد ہی تمام دنیا ایسے ہی تمہیں برا بھلا کہے گی جیسے ابھی تم نے مجھے کہا۔

ای ڈی پس

جب بھی لوگ دیکھتے ہیں کہ اس کے پاس بے حساب دولت ہے ملک اس کے پاس ہے لوگ اس کی عزت کر رہے ہیں اور وہ بلند مقام پر ہے تو حسد پیدا ہونا حیران کن بات نہیں۔ مجھے بادشاہ بنایا گیا اور میرے دوست اور بھائی کری اون نے مجھ سے حسد کیا

اور سازش کے طور پر اس نابینا اور کمزور شخص کو خدائی غیب دان بنا کر سہارا لیا کہ یہ لوگوں کو میرے خلاف اکسائے۔ حالانکہ یہ تو دیوتاؤں کے نام پر پیسے جمع کرنے والا انسان ہے اور میں غیب کو اس سے زیادہ جانتا ہوں۔ بتاؤ جب سفنکس نے تباہی مچائی تو

ٹائی ری سی اس

کری اون یا کسی اور نے مجھے استعمال نہیں کیا میں تو اطاعت گزار ہوں اپولو دیوتا کا۔ تم اپنے آپ کو بادشاہ کہتے ہو مگر علم و آگاہی میں تم نہیں میں بادشاہ ہوں۔ میں اندھا نہیں تم اندھے ہو جو سچائی کو دیکھنے سے قاصر ہے۔ بتاؤ بولو۔ کیا تم جانتے ہو کہ تم کس کے بیٹے ہو؟ تمہاری ماں کون ہے؟ باپ کون ہے؟ کیا تم جانتے ہو کہ تم نے اپنے ماں باپ کے ساتھ کیا گناہ کیا۔ تم پر جلد ہی تمہارے گناہوں کا عذاب سزا بن کر نازل ہو گا اور یہ آنکھیں جن پر تمہیں ناز ہے تمہارے پاس نہ ہوں گی۔ تمہارا ہم سفر صرف اندھیرا ہو گا اور تمہاری کراہوں اور سسکیوں کو تمام جہان سنے گا۔ جس ذلت کا سامنا تم کرو گے زمین پر اس سے پہلے کسی نے اس کا سامنا نہ کیا ہو گا۔ جیسے جیسے تمہیں تمہارے ماں باپ اولاد اور شادی کی حقیقت کا علم ہو گا تمہاری ذلت میں اضافہ ہو تا جائے گا۔

مگر اس وقت جو تم مجھے برا بھلا کہہ رہے ہو وہ اس لئے کہ یہ باتیں تمہیں معلوم نہیں مگر جلد معلوم ہو جائیں گی۔ بچے میرا ہاتھ پکڑو اور واپس چلو۔

ای ڈی پس

تمہاری باتیں ناقابل برداشت ہیں بہتر یہی ہے کہ یہاں سے چلے جاؤ تاکہ ہم تھیبز کو مشکل سے نجات دلانے کے لئے کچھ کریں۔

ٹائی ری سی اس

میں پھر بتاتا ہوں کہ لے اس کا قاتل تھیبز میں ہے ہمارے درمیان مگر یہ سچ تباہی لائے گا۔ سزا تو اسے ضرور ملے گی۔ وہ اب تو دیکھ سکتا ہے مگر اس وقت آنکھیں اس کے پاس نہ ہوں گی۔ اب تو بے حد امیر ہے مگر اس وقت پیسے پیسے کا محتاج ہو گا۔ اسے جب علم ہو گا کہ وہ اپنی اولاد کا صرف باپ ہی نہیں بھائی بھی ہے تو اس کا کیا حال ہو گا۔ یہی نہیں بلکہ اس کی بیوی اس کی ماں بھی

وہ چلا جاتا ہے۔

****

کری اون آتا ہے

مجھے معلوم ہوا ہے میرے خلاف ای ڈی پس نے بھیانک الزامات عائد کئے ہیں مجھے سازشی کہا گیا ہے۔ میرے ہاتھ صاف ہیں تو الزامات کیوں برداشت کروں۔ ذلت کی زندگی سے عزت کی موت بہتر ہے۔ کہا گیا کہ نابینا نیک شخص کو میں نے کہا کہ ای ڈی پس پر الزام عائد کرے۔ یہ الزام جھوٹا اور ناقابل برداشت ہے۔

ای ڈی پس

کری اون تم نے مجھے قتل کروانا چاہا سازش سے مملکت پر قبضہ کرنا چاہا۔ کیا مجھے احمق خیال کرتے ہو کہ میں اس سازش کی جڑ تک نہیں پہنچ سکوں گا۔ نہ تم یہ مملکت پیسے سے خرید سکتے ہو اور نہ ہی طاقت سے اسے حاصل کر سکتے ہو۔ تمہاری سازش میں کون تمہارا مددگار ہو گا؟ کوئی نہیں تم اکیلے ہو۔

تم یقینا یہاں اپنی صفائی بیان کرنے آئے ہو گے مگر میں تمہاری باتوں میں آنے والا نہیں۔

کری اون

ای ڈی پس بات کی حقیقت تک سچائی تک پہنچنے سے پہلے کسی پر الزام لگانا کسی طور پر ٹھیک نہیں۔

پہلے مجھے بتاؤ کہ شک کی وجہ کیا ہے؟

ای ڈی پس

کری اون

ای ڈی پس مجھے سازش کا حصہ قرار دینے سے پہلے یہ بتاؤ کہ کیا تم میری بہن کے شوہر نہیں۔ کیا میری بہن اور میں تھیبز میں تمہارے برابر اہمیت نہیں رکھتے۔ کیا ہماری حیثیت تمہارے برابر نہیں۔ کون سا شخص ایسا ہے جو تمہاری بات تومان لے اور میری بات رد کردے۔ بادشاہت کی پریشانیاں تم برداشت کرتے ہو ذہنی سکون تمہارا خراب ہوتا ہے مگر احکامات میرے بھی اتنے ہی مانے جاتے ہیں جتنے تمہارے۔ کیا میرا دماغ خراب ہے کہ سازش کرکے بادشاہ بنوں اور ذمہ داریوں کا بوجھ اٹھاؤں۔ دیوتاؤں سے پوچھ لو کہ کیا میں نے سازش کی۔ کیا میں نے نابینا شخص کو کہا کہ وہ تمہارے خلاف بولے۔ اگر میں جھوٹا ہوں تو مجھے موت کی سزا قبول ہے مگر کسی سچے شخص پر جھوٹے الزامات لگانا صرف بے وقوفی ہے۔

وقت بتادے گا کہ میں کسی سازش میں شریک نہیں۔

ای ڈی پس

میں تمہاری باتوں میں آنے والا نہیں اور تمہارا مقدر موت ہے۔ تم شیطان ہو۔ اگر ملک سے نکالا تو پھر بھی سازشیں کرتے رہو گے اس لئے موت کا حکم تمہارے لئے جاری کیا جائے گا۔

کری اون

ای ڈی پس تم غلط فیصلے کر رہے ہو جن کے بعد تمہیں پچھتاوا ہو گا۔

کوریگوس

ای ڈی پس جلد بازی نہ کریں غصہ نہ کریں۔ کری اون بے وقوف نہیں اس کی باتوں پر غور کریں۔ بغیر ثبوت کے کسی کے خلاف احکام صادر نہیں کرنے چاہیئیں۔ میں آپکا وفادار ہوں مگر اس وقت آپ غلط فیصلہ کر رہے ہیں۔ اگر میں غلط فیصلے میں آپکا وفادار

ای ڈی پس

ٹھیک ہے تو کری اون یہاں سے چلا جائے۔ میں ہی غلط ہوں میرا ہی برا حال ہو مگر میں اس کری اون سے ہمیشہ نفرت کرتا رہوں گا۔

کری اون

جو غلط فیصلے کرتے ہیں وہ بعد میں تکلیف بھی اٹھاتے ہیں۔ میں بے گناہ ہوں تمام تھیبز اس بات کی گواہی دے گا۔

ای ڈی پس

کوریگوس تم نے اس برے وقت میں تھیبز کو لڑائی سے بچالیا۔ ملکہ جوکیس ٹا اچھا ہوا جو آپ آگئیں۔ کری اون نے مجھے لے اس کا قاتل قرار دینے کی کوشش کی اور نابینا شخص کا سہارا لیا۔ کری اون بدمعاش اور ناقابل اعتبار ہے۔

جوکیس ٹا

اس وقت جب تھیبز پر برا وقت ہے تو میرا شوہر اور بھائی لوگوں کی تکالیف کو ختم کرنے کے بجائے آپس میں لڑ رہے ہیں کتنے افسوس کی بات ہے۔ جہاں تک بات ہے نابینا الہام گو کی تو غیب کا علم کسی کو معلوم نہیں۔ ایک مرتبہ اپولو کے ایک پجاری نے یہ کہا کہ پرانے بادشاہ اور میرے پہلے شوہر کو اس کا اپنا بیٹا قتل کرے گا یعنی میری اور لے اس کی اولاد۔ جبکہ یہ بات درست ثابت نہ ہوئی کیونکہ لے اس کو تو لٹیروں اور بدمعاشوں نے مارا۔ اس جگہ جہاں تین سڑکیں آپس میں ملتی ہیں لے اس کے بیٹا پیدا ہوا تو

تھا مگر اپنے قتل کے خوف سے پیدا ہونے کے تین دن بعد ہی اس کے ٹخنوں میں سوراخ کر کے انہیں ایک دوسرے سے باندھ

ای ڈی پس

جو کیس ٹا تمہاری باتیں سن کر دل پریشان ہو گیا ہے مجھے تفصیل سے بتاؤ کہ کیا واقعی جہاں تین شاہراہیں آپس میں ملتی ہیں وہاں لے اس قتل ہوا۔ یہ کس جگہ کی بات ہے؟ کتنے پہلے کی بات ہے؟ لے اس کیسا نظر آتا تھا؟ عمر کتنی تھی؟ بادشاہ کے ساتھ محافظ کتنے تھے؟

جو کیس ٹا

تین راستے جہاں ملتے تھے اس کا نام فی بس ہے۔ یہاں سے ڈیل فائے اور ڈالیا کی طرف سڑکیں جدا ہوتی ہیں۔ بادشاہ کے قتل کے کچھ عرصے بعد ہی تم یہاں آ گئے اور بادشاہ بنے۔ بادشاہ کا قد لمبا تھا شکل تم سے ملتی جلتی تھی بال سفید ہونا شروع ہو گئے تھے۔ بادشاہ کے ساتھ پانچ لوگ تھے ایک آدمی زندہ بچا جس نے آ کر یہ سب کچھ بتایا۔

ای ڈی پس

دیوتا شاید میرا امتحان لینے والے ہیں۔ اف جو حکم میں نے جاری کیا لگتا ہے وہ میرے خلاف ہی جائے گا۔ میں بہت پریشان ہو چکا ہوں مگر جو کیس ٹا میں تم سے کچھ نہیں چھپاؤں گا۔ میں پہلے جہاں رہتا تھا وہاں بھی سب سے اہم شخص سمجھا جاتا تھا۔ باپ پولی بس ڈورن سے تعلق رکھتا تھا اور ماں می روپی کا تعلق کورنتھ سے تھا۔ زندگی شاندار تھی۔ پھر ایک روز دعوت میں ایک شخص نے زیادہ شراب پی لی اور نشے میں عجیب باتیں کرنے لگا۔ کہنے لگا میں اپنے ماں باپ کی حقیقی اولاد نہیں۔ میں نے اپنے ماں باپ سے اس بارے میں پوچھا تو وہ اس آدمی کے لئے سخت غصے میں آ گئے۔ اب علاقے کا ہر شخص یہی کہتا تھا میں اپنے والدین سے بے حد محبت کرتا تھا تو سوچا کہ اپولو دیوتا کی غیبی چٹان پر جا کر اس سے حقیقت معلوم کروں۔ ڈیل فائے گیا اپنے سوال کا جواب تو نہ ملا

مگر یہ بتا دیا گیا کہ میں اپنے باپ کو قتل کر دوں گا۔ شادی کروں گا اپنی حقیقی ماں کے ساتھ اور جو بچے پیدا ہوں گے ان سے سب لوگ دور ہو جائیں گے کوئی محبت نہ کرے گا۔ میں جو اپنے ماں باپ سے بے حد محبت کرتا تھا اب ان سے دور جانا چاہتا تھا۔ بہت دور سفر شروع کیا کورنتھ سے دور جاتا رہا اور پھر اس جگہ پہنچا جہاں تین سڑکیں ملتی ہیں۔ ایک شاہی گھوڑا گاڑی راستے میں ملی اور اس میں سوار لوگوں نے مجھے راستہ چھوڑنے کا حکم دیا۔ منع کرنے پر مجھ پر گھوڑا گاڑی چڑھانے کی کوشش کی۔ میں نے بچنے کی خاطر گاڑی چلانے والے کو مارا تو مجھ پر حملہ کر کے سڑک سے نیچے پھینکنے کی کوشش کی گئی۔ لڑائی میں جلد ہی میرے ہاتھ سے بہت سے لوگ مارے گئے۔ کاش وہ شخص جسے میں نے اس وقت مارا لے اس نہ ہو اور اگر ایسا ہو گا تو میں دنیا کا سب سے بدنصیب شخص ہوں گا۔ دیوتا مجھ سے کس قدر نفرت کرتے ہوں گے تمام دنیا مجھ سے نفرت کرے گی۔ وہ بددعائیں جو میں نے لے اس کے قاتل کو دیں وہ مجھ پر آ پڑیں ہیں۔ جوکیس ٹا میں نے تمہارے شوہر کو قتل کیا اور پھر اس شخص کی بیوی سے شادی بھی کر لی۔

****

جوکیس ٹا

اپولو دیوتا تم عظیم ہو میں تم سے مدد کی درخواست کرتی ہوں کہ ہمارے دلوں سے خوف مٹا دو گندگی اور نجاست کو صاف کر دو۔ جب جہاز چلانے والا اپنے حواس میں نہ ہو تو مسافروں کی کیا حالت ہو گی یہی حال ہمارا ہے۔ میں تمہارے عبادت خانے میں حاضر ہوں ہمارے حال پر رحم کرو۔ ای ڈی پس پر رحم کرو جو سخت ذہنی تکلیف میں مبتلا ہے۔

ایک آدمی آتا ہے اور جوکیس ٹا کو دعائیں دیتا ہے۔ میں خوشی کی خبر لایا ہوں جس میں تکلیف اور غم بھی شامل ہے۔ کورنتھ کا حکمران پولی بس اب دنیا میں نہیں اور اس کی جگہ ای ڈی پس کو حکمران بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

جوکیس ٹا

ای ڈی پس دیکھو تمہارا باپ مر گیا کسی نے اسے نہیں مارا بلکہ بیماری سے مرا۔

ای ڈی پس

پیغام لانے والا

اگر ماں سے شادی کا خوف ہے تو بالکل فکر نہ کریں کیونکہ میں جانتا ہوں کہ آپ نہ پولی بس کے حقیقی بیٹے ہیں اور نہ ان کی بیوی آپ کی سگی ماں ہے۔ سالوں پہلے میں اپنے جانوروں کی دیکھ بھال کر رہا تھا کہ ایک دوسرے چرواہے نے تمہیں میرے حوالے کیا۔ تمہارے ٹخنے زخمی تھے بندھے ہوئے تھے اسی لئے زخمی ٹخنوں والا یعنی ای ڈی پس تمہارا نام رکھا۔ پولی بس جس کی کوئی اولاد نہ تھی اسے دے دیا جس نے اپنے بچوں سے زیادہ تم سے محبت کی۔ وہ چرواہا جس نے تمہیں دیا تھا وہ یہاں کے بادشاہ لے اس کے جانوروں کی دیکھ بھال کرتا تھا۔

ای ڈی پس

اس آدمی کو بلواؤ جو کیس ٹا بتاؤ وہ کون تھا۔ کیا زندہ ہے؟

جو کیس ٹا

میں دیوتاؤں کا واسطہ دیتی ہوں ای ڈی پس مجھ سے مزید سوال نہ کرو۔ نہ اس بارے میں اور سوچو اس میں ہم سب کی بہتری ہے۔ اپنے ماضی کو جاننے پر اسرار نہ کرو میری دعا ہے کہ تم کبھی بھی نہ جان سکو کہ تم کس کی اولاد ہو۔

ای ڈی پس

میں حکم دیتا ہوں کہ اس چرواہے کو ابھی یہاں پیش کیا جائے میں اپنے ماں باپ کا معلوم کر کے رہوں گا چاہے وہ غلام ہی کیوں نہ ہوں۔

جو کیس ٹا

ای ڈی پس تم بد قسمت ہو۔

کورس (بزرگ لوگ)

ملکہ غم کی حالت میں اندر گئی ہے کہیں کوئی طوفان کوئی مصیبت تو نزدیک نہیں۔

ای ڈی پس

* * * * * * * * * * * * * * * * *

ای ڈی پس

ہاں وہ چرواہا آگیا بوڑھا ہو چکا ہے۔ پیغام لانے والے آدمی کی طرح میرے قریب آؤ اور بتاؤ کیا تم لے اس کو جانتے ہو؟

چرواہا

ہاں میں اس کا غلام تھا اس کے جانوروں کی دیکھ بھال کرتا تھا۔

پیغام لانے والا

ہم ایک ساتھ جانوروں کی دیکھ بھال کرتے تھے اور تم نے جو بچہ بہت سال پہلے مجھے دیا تھا آج وہ بادشاہ ہے۔ ای ڈی پس بادشاہ۔ جو تمہارے سامنے موجود ہے۔

چرواہا

ایسی بات زبان سے دوبارہ مت نکالنا تم پرانی باتوں کو دوبارہ سامنے لا کر مشکلات پیدا کر رہے ہو۔ میں بوڑھا ہوں اور اس بڑھاپے میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اگر اسی وقت جان نکل جاتی تو زیادہ بہتر ہوتا۔ سچ بھیانک ہے میں زبان نہ کھولوں گا۔

ای ڈی پس

زبان نہ کھولو گے تو تکلیف کی حالت میں موت کا منہ دیکھنا پڑے گا۔ مجھے سچ بتاؤ جو کچھ تم جانتے ہو۔ مجھے بتاؤ بچہ کس نے دیا؟ کس کا تھا؟

چرواہا

ٹھیک ہے تو مجھ سے نہ پوچھیں اپنی بیوی سے پوچھیں۔ انہوں نے بچہ مجھے دیا تھا اس بچے نے اپنے باپ کو قتل کرنا تھا یہی غیب نے بتایا تھا مگر مجھ سے بچہ مارا نہ جاسکا۔ معصوم تھا تو دوسرے چرواہے کو دے دیا مگر تقدیر کے سامنے کس کی چلتی ہے۔ ای ڈی پس اس دنیا کا بدقسمت ترین انسان ہے۔

ای ڈی پس

****

محل کا ملازم آتا ہے۔ تھیبز کے عزت دار لوگو تم نہ جانے کیسے ایسی اذیت ناک اور غم سے بھری ہوئی آفات کو دیکھ اور سن رہے ہو۔ لاب ڈاکس کی نسل عظیم ہے قابل احترام ہے مگر جو آلودگی اور گندگی اس محل میں پھیل چکی ہے دنیا کے عظیم دریا بھی چاہیں تو اپنے پانی سے انہیں صاف نہ کر سکیں گے۔ گناہ کو کچھ دیر تو چھپایا جاسکتا ہے مگر پھر سچ سامنے آنا ہی ہوتا ہے۔ جلد ہی یہاں کے گناہ کا سب کو علم ہو جائے گا۔

کورس (بزرگ لوگ)

کیا کوئی ایسی تکلیف اور بھیانک خبر باقی ہے جو سنائی جائے؟

ملازم

ہاں ملکہ جوکیس ٹانے اپنے ہاتھوں سے اپنی زندگی کا خاتمہ کرلیا۔ ملکہ غصے میں اپنے کمرے میں آئی وہ اپنے بال نوچ رہی تھی چیخ رہی تھی رو رہی تھی۔ غم کی شدت بہت زیادہ تھی کمرے کا دروازہ بند کرلیا۔ پرانے بادشاہ کا نام لے کر بار بار پکارتی رہی اپنے بچے کو یاد کیا جس نے باپ کو قتل کرنا تھا پھر اپنی شادی پر ماتم کرنا شروع کیا جس سے اس کی چار اولادیں ہوئیں۔ اسی وقت ای ڈی پس بھی غم میں ڈوبا ہوا روتا ہوا وہاں آیا تلوار لی اور جوکیس ٹا کا پوچھتا رہا اپنی بیوی بلکہ اپنی ماں کا۔ پھر شاید دیوتاؤں نے اسے بتا دیا کہ وہ کمرے میں ہے۔ کمرے کا دروازہ کھولا تو جوکیس ٹا خودکشی کرچکی تھی اس کی لاش رسے سے لٹکی ہوئی تھی۔ ایک اور بھیانک اور ہولناک منظر ابھی دیکھنا باقی تھا۔ ای ڈی پس نے لاش رسی سے اتاری اور اس کے کپڑوں میں لگی ہوئی سونے کی سوئیاں اپنی آنکھوں میں مار کر خود کو اندھا کرلیا۔ بار بار سوئیاں آنکھوں میں مارتا رہا اور کہتا رہا کہ جو گناہ اس نے کئے ہیں اب وہ ان کو کبھی دیکھنا نہیں چاہتا۔ آنکھوں سے خون تیزی سے نکل رہا تھا۔

کبھی بادشاہ اور ملکہ اچھی زندگی گزارتے تھے مگر اب ذلت کے ایک طوفان نے انہیں اپنے اندر غرق کرلیا ہے اور ندامت ماتم

ای ڈی پس وہاں آتا ہے۔

کورس (بزرگ لوگ)

ایسا بھیانک نظارہ پہلے کسی نے نہ دیکھا ہوگا۔ دیوتاؤں نے ایسی سزا دی ہے جو انسان کے تصور میں بھی ممکن نہ تھی۔ اس پریشان حال شخص کا تو چہرہ دیکھا بھی نہیں جاتا جہاں آنکھوں کی جگہ صرف گڑھے اور خون ہے۔

تم سے سوال کرنا چاہتے ہیں مگر تمہاری حالت دیکھ کر اس چیز کی ہمت نہیں پڑتی۔

ای ڈی پس

میرے ساتھ کیا ہو گیا دیوتاؤں نے یہ کیا کر دیا میری بدنصیبی میرا عذاب ناقابل برداشت ہے۔ ہر طرف اندھیرا ہے بیان سے باہر تاریکی آنکھوں میں شدید درد اور ان گناہوں کی یادوں کی ذلت جو مجھ سے سرزد ہوئے۔

کورس (بزرگ لوگ)

اپنی آنکھوں کو کوئی اپنے ہاتھوں سے کیسے ختم کر سکتا ہے۔

ای ڈی پس

جب اپولو دیوتا ناراض ہو تو کچھ بھی ممکن ہے۔ تکلیف میں اضافہ اس نے کیا اور آنکھیں اب میرے کس کام کی تھیں کیا خوشی

کری اون

ای ڈی پس اگرچہ تم ذلتوں میں گر چکے ہو مگر فوری طور پر محل کے اندر چلے جانا چاہیئے تا کہ سورج کی یہ روشنی اور پاکیزہ بارش کو سکون حاصل ہو جو ای ڈی پس کو دیکھ کر خوفزدہ ہو رہی ہیں۔ ای ڈی پس اندر چلو تا کہ دنیا تماشہ نہ دیکھے۔

ای ڈی پس

تم نے برائی کا بدلہ بھلائی سے دیا کری اون تم نیک انسان ہو۔ ایک اور نیکی کرو مجھے ایسی جگہ بھجوا دو جہاں کوئی انسان نہ بستا ہو بلکہ میں اس پہاڑ پر جاؤں گا جہاں مجھے بچپن میں مارنے کی کوشش کی گئی تھی وہاں باقی زندگی گزاروں گا۔ جس کا نام میرے نام کے ساتھ جڑ چکا ہے مجھے نکال دو یہاں سے جلد از جلد۔

کری اون

ای ڈی پس پہلے میں اپولو دیوتا سے معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ آگے کیا کرنا چاہیئے۔

ای ڈی پس

دیوتا تو پہلے ہی فیصلہ سنا چکے ہیں اب تو عمل کا وقت ہے۔ میری بیوی تمہاری بہن تھی اس کی آخری رسومات اچھی طرح کرنا۔ میرے دونوں لڑکے تو مرد ہیں مگر دونوں بچیوں کا ہمیشہ خیال رکھنا۔ اپنی عظمت کو ثابت کرو اور مجھے ایک مرتبہ اپنی بیٹیوں کو چھونے دو۔ یہ کون رو رہا ہے یہ تو میری بچیوں کی آوازیں ہیں۔

کری اون

سوفوکلیز کے تین عظیم ڈرامے

دوسرا ڈرامہ شروع ہوتا ہے

ایڈی پس

کلونس میں

سوفوکلیز

Classical Greek Theban Plays
Oedipus at Colonus
Sophocles
Date Premiered: 401 BC

ای ڈی پس

میری بچی این ٹگنی ہم کہاں پہنچے ہیں؟ یہ کون سی جگہ ہے؟ غریب اور مجبور مسافر پر آج کون ترس کھائے گا کبھی جو بادشاہ ہوتا تھا۔ آج دربدر کی ٹھوکریں کھاتا مجبور انسان بہت تھک گیا ہوں۔ اپنے اندھے باپ کو اپنا ہاتھ دو اور کسی جگہ بٹھاؤ پتہ کرو بیٹی یہ کون سی جگہ ہے۔

این ٹگنی

ای ڈی پس

میرے عزیز میں نابینا ہوں اور اپنی بیٹی کی آنکھوں سے دیکھتا ہوں اس نے بتایا ہے کہ آپ آئے ہیں بتائیں یہ کون سی جگہ ہے۔

آدمی

سوال نہ کریں پہلے اس جگہ سے اٹھ جائیں جہاں آپ بیٹھے ہیں۔ یہ مقدس جگہ ہے جہاں انسان قدم نہیں رکھ سکتے۔ یہاں یومے نی ڈیز کی عبادت کی جاتی ہے جو انتقام اور بدلے کی دیوی ہے۔

ای ڈی پس

مجھے علم تھا میں اس جگہ آؤں گا یہ جگہ میری حفاظت کرے گی۔ یہ میری جائے پناہ ہے مجھے یہاں سے کوئی نہیں نکال سکتا مجھے اس جگہ کے بارے میں بتاؤ۔

آدمی

ٹھیک ہے میں اپنے ساتھیوں کو بلا کر لاتا ہوں جو آپ کے بارے میں فیصلہ کریں گے۔ اس جگہ کا تعلق پوسائی ڈن اور پرومیتھیس سے ہے۔ ہمارا حکمران تھی سی اس ہے ای جی اس کا بیٹا۔

ای ڈی پس

اپنے بادشاہ سے کہو ایک آدمی اسے بلاتا ہے جس کی تھوڑی سی خدمت سے وہ بہت بڑا صلہ اور انعام حاصل کر سکتا ہے۔

آدمی

ٹھیک ہے میں آپ کا پیغام انہیں دیتا ہوں۔

ای ڈی پس

اے دیوتاؤ میں اپنی آخری منزل پر پہنچ چکا ہوں دیویو مجھے تسلی دو حوصلہ دو میں تمہارا غلام ہوں تمہاری عبادت کرتا ہوں ای

ای ڈی پس

میرے بارے میں نہ پوچھو۔

وہ لوگ بار بار پوچھتے ہیں تو بالآخر ای ڈی پس مجبور ہو کر بتا دیتا ہے۔ کیا تم لے اس کے بیٹے ای ڈی پس کو جانتے ہو؟ تھیبز کے شاہی خاندان کا چشم و چراغ۔ دنیا کا بدقسمت ترین انسان مگر مجھ سے دور نہ جاؤ۔ خوفزدہ نہ ہو۔ میں تو دیوتاؤں کا ٹھکرایا ہوا بدنصیب انسان ہوں۔ این ٹگنی اب یہ ہمارے ساتھ کیا سلوک کریں گے؟

لوگ کہتے ہیں یہاں سے چلے جاؤ ہمارا ملک چھوڑ دو ہم نے وعدہ کیا تھا کہ تم یہاں رہ سکتے ہو مگر اس وقت ہمیں معلوم نہ تھا کہ تم ای ڈی پس ہو۔ اس سے پہلے کہ تمہاری وجہ سے ہم پر عذاب مسلط کئے جائیں یہاں سے چلے جاؤ۔

این ٹگنی

میرے والد سے جو غلطیاں سرزد ہوئیں وہ انہوں نے جان بوجھ کر تو نہیں کیں ان کی حالت دیکھو کتنی خراب ہے۔ ان پر نہیں تو مجھ پر ہی رحم کھاؤ میں تمہاری بیٹی کی طرح ہوں۔ التجاء کرتی ہوں کہ اتنا برا سلوک نہ کرو ہماری مدد کرو تمہیں تمہارے گھر

ای ڈی پس

اے ایتھنز کے لوگو تمہاری ہمدردی کہاں گئی پہلے مجھے ایک جگہ سے اٹھا دیا اور اب ملک سے نکالتے ہو۔ مجھے سزا تو ملی مگر میں نے کون سا گناہ جان بوجھ کر کیا۔ مجھ پر حملہ کیا گیا تو اس کا جواب دیا جس سے باپ مارا گیا مگر مجھے تو علم بھی نہ تھا کہ وہ میرا باپ تھا۔ دیوتاؤں کا واسطہ ہے میری مدد کرو وہ ہم سب کو دیکھ رہے ہیں۔ میری خراب حالت کو دیکھو اس بغیر آنکھوں کے انسان کو دیکھو اور مجھ پر ترس کھاؤ۔ آپ کا بادشاہ کدھر ہے اسے یہاں بلاؤ ای ڈی پس اس کے چلر کے لئے خوشخبری لایا ہے۔

این ٹگنی

ابو جان کیا میں خواب دیکھ رہی ہوں نہیں یہ وہی ہے میری پیاری بہن ازمے نی وہ یہاں آ رہی ہے۔

ای ڈی پس

میری پیاری بچی میرے پاس آگئی تم میری بیٹیاں وہ کام کر رہی ہو جو میرے بیٹوں کو کرنا چاہیئے تھا۔

ازمے نی

میرے پیارے ابو تمام دنیا سے پیارے ابو مجھے آپکی فکر تھی ایک اہم پیغام بھی تھا آپ کے لئے۔ آپ کے دونوں بیٹے ایک دوسرے کے جانی دشمن ہو چکے ہیں دونوں بادشاہت چاہتے ہیں چھوٹے بھائی نے بڑے بھائی پولونائی سز کو ملک سے نکال دیا ہے اور ملک پر قبضہ کر لیا ہے۔ پولونائی سز نے آگوس میں پناہ لی وہاں شادی کی اور اب وہاں کی فوجیں لے کر اپنے پرانے شہر تھیبز پر قبضہ کرنا چاہتا ہے۔ لیکن شاید دیوتاؤں نے آپ کی تکلیفوں کو دیکھ لیا ہے اور انہیں آپ پر ترس آ گیا ہے۔ ڈیل فائے کے غیبی

پیغام نے بتایا ہے کہ جلد ہی تھیبز کو آپ کی ضرورت پڑے گی۔ آپ کی زندگی میں اور آپ کے مرنے کے بعد انہیں اپنی حفاظت کے لئے آپ کی ضرورت ہو گی۔ میں آپ کو بتانے آئی ہوں کہ وہ کری اون جو اب تک آپ کو نظر انداز کرتا رہا آپ

ای ڈی پس

اگر مجھے اپنے پیارے تھیبز کی مٹی میں آخری آرام کی اجازت نہیں تو میں کبھی ان کے ساتھ نہیں جاؤں گا۔

ازمے نی

آپ کے دونوں بیٹوں کو بھی اس بات کا علم ہو چکا ہے اور وہ بھی آپ کو ساتھ رکھنے کی خواہش کریں گے۔

ای ڈی پس

میرے بیٹے جنہیں کبھی میری تکالیف نظر نہ آئیں میری مدد کرنے سے انکار کر دیا تھا انہوں نے۔ میں ان کے سامنے تھیبز سے نکال دیا گیا مگر انہوں نے میرے حق میں کبھی زبان نہ کھولی۔ میری بیٹیوں نے ہمیشہ میرا ساتھ دیا مگر بیٹے میرے دشمن نکلے۔

اے دیوتاؤ میری مدد کرو اور میرے دشمنوں کو تباہ کر دو۔

لوگ کہتے ہیں ای ڈی پس ہمیں تم سے اور تمہاری بیٹیوں سے ہمدردی ہے مگر پہلے دیوتاؤں کے حضور حاضری دو مقدس پانی کے ساتھ رسومات ادا کرو خاموشی سے دعا کرو۔ تمہاری بیٹی بھی تمہاری جگہ یہ فریضہ سرانجام دے سکتی ہے۔

ای ڈی پس

ازمے نی تم میری جگہ درختوں کے جھنڈ میں جاؤ اور دیوتاؤں سے مدد مانگو۔

جی ابو جی میں جاتی ہوں ازمے نی جاتی ہے۔

ای ڈی پس

مجھے اتنی تکلیفیں ملی ہیں جتنی اس زمین پر کبھی کسی نے برداشت نہ کی ہوں گی۔ یہ دونوں میری بیٹیاں ہیں مگر ہم تینوں کی ماں ایک

تھی سی اس

لے اس کے بیٹے ای ڈی پس میں نے تمہارے بارے میں سب کچھ سن رکھا تھا مگر آج اس پریشان حال چہرے کو دیکھ بھی لیا۔ بتاؤ تم یہاں کیوں آئے ہو مجھے بتاؤ تاکہ میں تمہاری مدد کروں۔ ای ڈی پس میں تمہاری طرح کا ہی ایک انسان ہوں مگر یقین رکھو کہ تمہارا ہر طرح سے ساتھ دوں گا۔

ای ڈی پس

آپ بہت کچھ جانتے ہیں جلد ہی کچھ اور باتیں آپ پر آشکار ہو جائیں گی میرے بیٹے آپ پر دباؤ ڈالیں گے کہ مجھے واپس تھیبز بھیج دیا جائے۔ جب میں وہاں جانا چاہتا تھا تو انہوں نے مجھے رکھنے سے انکار کر دیا اب میں وہاں جانے سے انکار کرتا ہوں۔ ہر چیز تباہ ہوتی ہے ماسوائے عظیم دیوتاؤں کے۔ عظیم زیوس اور اپولو نے مجھ پر ترس کھایا اور اب تھیبز کو تباہی سے بچنے کے لئے میری ضرورت ہے مگر میں یہاں رہوں گا۔ یہاں ہی دفن ہوں گا اور میری وجہ سے یہاں پر رحمتیں نازل ہوں گی۔

تھی سی اس

آپ کی مہمان نوازی ہم پر فرض ہے آپ ہمارے دیوتاؤں کا احترام کرتے ہیں اور بدلے کے طور پر ہمارے احترام کے حق دار ہیں۔ آج سے آپ کو وہ تمام حقوق حاصل ہیں جو کسی بھی دوسرے شہری کو حاصل ہیں۔ اگر یہاں رہنا چاہیں تو آپ کی مکمل حفاظت کی جائے گی اگر میرے ساتھ چلنا چاہیں تو خوش آمدید۔

ای ڈی پس

دیوتا آپ کی حفاظت کریں اپنی رحمتیں آپ پر نازل کریں۔

میں یہاں رہوں گا مگر وعدہ کریں مجھے یہاں سے کوئی نہیں لے جائے گا۔

تھی سی اس

کری اون

ڈرو نہ خوفزدہ نہ ہو مجھے علم ہے کہ میں طاقت ور ملک میں ہوں میں کمزور ہوں اور لڑنے کی ہر گز نیت نہیں۔ اپنی بڑی عمر کے باوجود مجھے یہاں بھیجا گیا ہے تاکہ اس بوڑھے آدمی کو اس ملک میں واپس لے جاؤں جو اس کا اپنا ہے جہاں اس کے باپ دادا کی قبریں ہیں۔ میں اس کا رشتے دار بھی ہوں اور تمام تھیبز کے لوگ بھی یہی چاہتے ہیں۔ مجھ سے زیادہ اس کے دکھ کا احساس کس کو ہو گا۔ اے غریب دکھوں کے مارے ای ڈی پس میری بات مانو اپنے ملک واپس چلو مجھے تمہارے دکھوں کا بے حد افسوس ہے اور تمہارے اپنے لوگ تمہیں بلا رہے ہیں۔ یہ تمہاری بیٹیاں جن کی شادی کی عمریں ہیں یہ بھی کتنے برے حالات میں ہیں مگر آفرین ہے ان پر تمہاری اس حالت میں بھی مدد کر رہی ہیں۔ مجھے کتنا افسوس ہو رہا ہے کتنا غم گین ہوں میں انہیں اس حالت میں دیکھ کر۔ میں تم سے درخواست کر رہا ہوں ای ڈی پس تھیبز واپس چلو۔ ایتھنز کے لوگوں کی مہمان نوازی کا شکریہ ادا کرو اور ان سے واپسی کی اجازت لو۔ تھیبز اور اسکے لوگوں کا تم پر پہلا حق ہے یہ حق انہیں لوٹا دو اس شہر نے کبھی تمہیں کتنی عزت دی کتنا مقام و مرتبہ دیا۔

ای ڈی پس

کیا تم سمجھتے ہو میں تمہاری ان باتوں میں آجاؤں گا۔ میں وہی ای ڈی پس ہوں جسے اپنے پیارے وطن تھیبز سے بے دخل کر دیا گیا تھا اس کی التجاؤں کو سننے سے انکار کر دیا گیا تھا آج کہتے ہو ہم رشتے دار ہیں اس وقت یہ رشتے داری کہاں تھی۔ آج جب اس عظیم شہر نے مجھے پیار سے اپنے سینے سے لگا لیا تو مجھے ان سے جدا کرنے چلے آئے ہو۔ تمہاری میٹھی باتیں میرے وہ زخم تو نہیں

بھر سکتیں جو تم نے مجھے لگائے تھے۔ لوگو! یہ شخص جو زبان کے کرتب دکھا رہا ہے یہ مجھے تھیبز میں لے جانے نہیں آیا بلکہ میری

کری اون

اتنے برے حالات نے بھی تمہارے دماغ کو درست نہیں کیا مجھے تمہاری بڑی عمر کا خیال ہے۔ ٹھیک ہے تم یہاں رہو مگر تمہاری بیٹیاں میں ساتھ لے کر جاؤں گا۔ سپاہیو کوئی راستہ روکنے کی کوشش کرے تو اسے ختم کر دو۔

لوگ بلند آواز سے کہتے ہیں

تم ایسا نہیں کر سکتے تھی سی اس کو بتاؤ یہ زبردستی بچیاں لے کر جا رہا ہے۔

این ٹگنی اور ازمے نی ای ڈی پس کے پاس جانا چاہتی ہیں مگر سپاہی زبردستی وہاں سے لے جا رہے ہیں۔ ای ڈی پس رو رہا ہے میری بچیوں کو مجھ سے جدا نہ کرو۔

کری اون

اب اس بوڑھے آدمی کو بھی میں یہاں سے لے کر جاؤں گا خود نہیں جائے گا تو زبردستی جانا پڑے گا۔ حکم طاقتور کا چلتا ہے اور میں طاقت ور ہوں۔ ایتھنز تھیبز کو نہیں روک سکتا۔

گھبرائے ہوئے لوگ آوازیں دیتے ہیں ایتھنز کے لوگو جلدی آؤ تھیبز کو زیادتی کرنے سے روکو۔ ای ڈی پس کو طاقت سے اس کی مرضی کے بغیر لے جایا جا رہا ہے ان کا پیچھا کرو انہیں پکڑو اس سے پہلے کہ ہمارے ملک کی سرحدیں عبور کر جائیں۔

تھی سی اس

یہ کیا شور ہے میں پوسائڈن دیوتا کی عبادت کر رہا تھا مگر ان آوازوں نے عبادت میں خلل ڈال دیا۔ کیا معاملہ ہے؟

ای ڈی پس

یہ شخص کری اون جو میری بیٹیوں کو مجھ سے چھین چکا ہے اب مجھے بھی یہاں سے میری مرضی کے بغیر لے جانا چاہتا ہے۔

تھی سی اس

سپاہیو جلدی کرو ان لوگوں کا پیچھا کرو سرحدیں بند کر دو وہ ایتھنز کی سرحدوں سے نہ نکلنے پائیں۔ تم کری اون اب تم اس وقت تک یہاں رہو گے جب تک ای ڈی پس کی بیٹیاں واپس نہیں کرتے۔ بادشاہ تو انصاف کرنے والے ہوتے ہیں تم تو اپنے خاندان

کری اون

میں نے جو کیا درست کیا یہ میرے رشتے دار بھی ہیں اور ان پر میرا حق ہے۔ یہ کرپٹ انسان ہے جس نے اپنے باپ کا قتل کیا اپنی ماں کے ساتھ شادی کی۔ کیا ایسے شخص کو ایتھنز پناہ دے سکتا ہے؟ آج یہ گھٹیا انسان مجھے اور میری اولاد کو بد دعائیں دے رہا ہے۔ مجھے حق حاصل تھا کہ ایسا کروں جو میں نے کیا۔

میں بوڑھا ہو چکا ہوں مگر میرا غصہ جوان ہے مجھے حق حاصل ہے کہ بدلہ لوں۔

ای ڈی پس

دیوتا جانتے ہیں کہ میں نے جو کچھ کیا انجانے میں کیا میں بے قصور تھا بے قصور ہوں میں خاموش نہیں رہوں گا۔ وہ عورت جس سے میں پیدا ہوا اور میرے بچے ہوئے وہ تمہاری بھی تو بہن ہے۔ نہ میں کچھ جانتا تھا اور نہ وہ ہم دونوں بے قصور ہیں۔ نہ میں نے اپنی ماں سے جان بوجھ کر شادی کی اور نہ اپنے باپ کا قتل ارادے سے کیا۔ تم نے جو الزام مجھ پر لگائے میں انہیں ماننے سے انکار کرتا ہوں اور آج اعلان کرتا ہوں کہ اگر کوئی شہر دیوتاؤں کا فرماں بردار ہے تو ایتھنز ہے دیوتاؤں کے احکام ماننے میں سب سے آگے۔ کری اون تم بے ایمان ہو مجھ بوڑھے کی بچیوں کو مجھ سے جدا کرنے کے بعد اس اندھے شخص کو زبردستی یہاں سے لے جانا چاہتے ہو۔

اے دیوتاؤ انصاف کرو اس کری اون کا ایسا انجام کرو کہ دنیا اسے ہمیشہ یاد رکھے اور اس عظیم شہر ایتھنز کی حفاظت کرو۔

تھی سی اس

کری اون

اپنے ملک میں کھڑے ہو کر جو چاہے کہہ سکتے ہو میں وطن واپس جا کر سوچوں گا کہ کیا جواب دینا ہے ان باتوں کا۔

تھی سی اس

جواب کا بعد میں سوچنا ابھی تو بچیوں کے بارے میں بتاؤ جلدی چلو۔

ای ڈی پس میرا وعدہ ہے آپ کی بیٹیاں آپ کے پاس واپس لاؤں گا۔

ای ڈی پس

دیوتا تمہاری حفاظت کریں تھی سی اس ایتھنز کے درجات بلند کریں۔

لوگ بلند آواز سے دعا مانگتے ہیں۔

اے عظیم دیوتا ذیوس تھی سی اس کی مدد کر۔

اسے فتح نصیب کر۔

ذیوس کی بیٹی طاقت ور ای تھی نا۔

میں نے وعدہ کیا تھا کہ آپ کی اور آپ کی بیٹیوں کی حفاظت کروں گا یہ وعدہ میں نے پورا کیا۔ کس طرح یہ واپس آئیں اپنے منہ سے اپنی تعریف نہیں کروں گا آپ کی بیٹیاں آپ کو بتائیں گی یہ کیسے ممکن ہوا۔ مگر ایک بات میرے ذہن میں ہے جب میں پوسائڈن دیوتا کی عبادت میں مشغول تھا تو وہاں ایک شخص سے ملاقات ہوئی جو آپ سے ملاقات کی خواہش رکھتا تھا اگر وہ آپ کا کوئی دوست یا رشتے دار ہے تو اس سے مل لیں۔

ای ڈی پس

اگر وہ میرا بیٹا ہے تو میں اس سے کبھی نہیں ملوں گا۔

این ٹگنی

ابو جان وہ آپ کا بیٹا ہے آپ کو اس کی بات سننی چاہیئے پھر جو آپ چاہیں وہی کریں۔ جس طرح آپ کے ساتھ یہاں اچھا سلوک کیا گیا ہے اسی طرح اپنے بیٹے سے بھی اچھا سلوک کریں۔

ای ڈی پس

ٹھیک ہے میری پیاری بیٹی میں تمہارے کہنے پر اس سے ملاقات کروں گا مگر تھی سی اس وعدہ کریں آپ میری حفاظت کریں گے اور وہ طاقت سے مجھے یہاں سے لے کر نہیں جائے گا۔

تھی سی اس

میں پہلے ہی یہ وعدہ کر چکا ہوں آپ کو فکر کرنے کی ہرگز ضرورت نہیں جب تک دیوتا میری حفاظت کریں گے میں آپ کی حفاظت کرتا رہوں گا۔

این ٹگنی

پولونائی سز

میری پیاری بہنو سوچ رہا ہوں کیا کہوں کس پر ترس کھاؤں اپنے آپ پر یا اپنے باپ پر۔ اس بڑھاپے میں کمزور جسم کے ساتھ انجانے ملک میں اکیلا باپ دیکھ بھال کرنے کے لئے دو کمزور لڑکیاں۔ باپ کی بھکاریوں سے بھی زیادہ خراب حالت پھٹے پرانے کپڑے آنکھوں کی جگہ دو گڑھے۔ ہاں اب مجھے اپنی غلطی کا احساس ہو رہا ہے کہ یہ سب کچھ نہیں ہونا چاہیئے تھا۔ کسی گواہ کی ضرورت نہیں ہے میں خود اقرار کرتا ہوں کہ میں نے غلطی کی اور سزا کے لئے تیار ہوں۔ میں مسلسل بول رہا ہوں مگر ابو جان آپ کی طرف سے کوئی جواب نہیں آرہا مسلسل خاموش ہیں کچھ تو بولیں۔ کیا آپ چاہتے ہیں کہ میں ناکام و نامراد واپس چلا جاؤں یہ جانے بغیر کے آپ مجھ سے کوئی بات کیوں نہیں کر رہے۔ ناراضگی کا سبب کیا ہے؟ میری بہنو والد صاحب سے کہو مجھے کچھ تو جواب دیں۔

این ٹگنی

والد صاحب آپ کو بھائی کی بات کا ضرور جواب دینا چاہیئے اگر ناراض ہیں تو کم از کم ناراضگی کا ہی اظہار کر دیں۔

پولی نائی سز

میں نے پوسائی ڈن دیوتا کے حضور دعا کی اور یہاں کے حکمران نے بھی مجھے آپ سے ملنے کی اجازت دی تو ابو جان میں بتاتا ہوں میرے آنے کا مقصد کیا ہے۔ مجھے اپنے ملک سے بے دخل کر دیا گیا میں آپ کا سب سے بڑا بیٹا ہوں اور مجھے بادشاہت کا حق حاصل ہے۔ میں آپ کا وارث ہوں میرے چھوٹے بھائی ای ٹیوکلیز نے میرے خلاف سازش کی لوگوں کو رشوت دے کر میرے خلاف کیا اور جعل سازی اور سازش سے ملک پر قبضہ کر کے مجھے وہاں سے نکال دیا۔ میں آرگوس چلا گیا وہاں معزز

ای ڈی پس

میں کچھ نہیں کہنا چاہتا تھا مگر مجھے مجبور کیا گیا کہ بولوں جن الفاظ کا یہ حقدار ہے وہی سنے گا اور تمام زندگی یاد رکھے گا یہ اس کے لئے تکلیف کا باعث رہیں گے۔ جب یہ بادشاہ تھا تو مجھے ملک سے نکال دیا اپنے حقیقی باپ کو۔ مجھے دیکھو گندے پھٹے ہوئے کپڑے بھوکا انسان تم نے مجھے جیتے جی مار دیا بھکاری بنا دیا اگر میری بیٹیاں نہ ہوتیں تو میں بہت پہلے مر چکا ہوتا۔ یہ میری بیٹیاں نہیں بیٹے ہیں اور میرے بیٹے دیوتا انہیں غارت کریں برباد کریں میں تمہارا باپ نہیں۔ میری بددعا اپنے بیٹوں کے لئے یہ ہے کہ یہ دونوں ایک دوسرے کو قتل کریں جہنم کی تاریکیاں تمہارا مقدر بنیں دفعہ ہو جاؤ چلے جاؤ یہاں سے۔

پولونائی سز

میں اتنا طویل سفر کر کے اپنے باپ کے پاس آیا جواب میں بددعائیں ملیں غیر ساتھ دے رہے ہیں اور اپنے بددعائیں نتیجہ کچھ بھی ہو میں جنگ ضرور کروں گا۔ میری بہنو باپ کی بددعا قبول ہو گی جب میں ذلت کی موت مروں تو مجھے دفنا ضرور دینا۔ جس طرح دنیا باپ کا خیال رکھنے پر تمہاری تعریف کرتی ہے اسی طرح سے دفن کرنے پر بھی تم سے خوش ہو گی۔

این ٹگنی

میرے بھائی جنگ سے باز آجاؤ فوجیں واپس لے جاؤ اپنے شہر کو تباہ نہ کرو دونوں بھائی زندہ رہنے چاہیئیں جنگ نہ کرو۔

پولونائی سز

سات جرنیل اور ان کی فوجیں آگے بڑھ رہی ہیں میں انجام ان سے چھپاؤں گا اور جنگ ہو گی۔ انجام تباہی ہے تو تباہی ہی سہی۔ تم مجھے آخری مرتبہ دیکھ رہی ہو دیوتا میری مدد کریں آخری فیصلہ انہی کا ہوتا ہے۔

شدید طوفان آرہا ہے بادل گرج رہے ہیں۔ ای ڈی پس این ٹگنی اور ازمے نی کو کہتا ہے کہ میرے محسن تھی سی اس کو جلدی بلاؤ میرا آخری وقت آرہا ہے۔ یہ گرج میری موت کا اعلان ہے۔ زیوس دیوتا کی طرف سے مجھے پہلے ہی اس کا بتا دیا گیا تھا۔ بادشاہ تھی سی اس کو جلدی بلاؤ اس کے احسان کا بدلہ دینے کا وقت آ چکا ہے۔ تھی سی اس تم آ گئے میں نے تم سے اور تمہارے شہر سے ایک وعدہ کیا تھا میں تمہیں جو بات بتاؤں گا۔ اس سے تمہارا شہر آفتوں سے محفوظ رہے گا پھلے پھولے گا دشمن شکست کھائیں گے۔ میں خود وہاں جاؤں گا جہاں مجھے دفن ہونا ہے مگر وہ جگہ خفیہ رکھی جائے کسی کو اس کا علم نہ ہو۔ یہ جگہ تمہارے شہر کے لئے مبارک ثابت ہو گی اسے طاقت دے گی بڑی سے بڑی فوج کو شکست دے گی تھیبز سے آگے لے کر جائے گی۔ دیوتا دیکھتے ہیں کہ کون غلط ہے کون درست تو تمہیں تمہارے احسان کا بدلہ ملنے والا ہے۔ میری تکالیف برداشت کرنے کا صلہ بھی مجھے ملے

لوگ دعا کرتے ہیں کہ دیوتا ای ڈی پس پر رحم کریں اس پر موت کی تکالیف آسان کر دیں۔

ایک آدمی اعلان کرتا ہے کہ ای ڈی پس دنیا سے رخصت ہو چکا ہے بہت ہی پراسرار اور ناقابل یقین حالات گزرے ہیں اس کی موت کے وقت۔ شاندار کہنا چاہیئے انہیں۔ وہ نابینا تھا مگر اپنا راستہ خود تلاش کیا۔ زمین میں بنے سوراخ میں داخل ہوا زمین کی گہرائی اور اندھیرے میں اترتا رہا۔ وہاں دیوتاؤں کی موجودگی کا احساس ہو رہا تھا۔ ای ڈی پس اس گہرائی میں جا کر بیٹھا اپنے پھٹے پرانے کپڑے اتارے مقدس اور پاکیزہ پانی منگوایا اس سے اپنے جسم کو پاک کیا۔ دیوتاؤں کی عبادت کی انسان کے دنیا سے جاتے ہوئے جو رسومات ادا کی جاتی ہیں ادا کی گئیں۔ جب اسے اطمینان ہو گیا کہ تمام رسومات پوری ہو چکی ہیں تو زمین ہلنا شروع ہو گئی۔ اس کی بیٹیاں خوفزدہ تھیں انہیں تسلی دی اور کہا کہ بیٹیو میں تم سے رخصت ہو رہا ہوں۔ تم نے جو تکالیف میرے ساتھ رہ کر میری خدمت کر کے برداشت کیں ان کا بھی آج آخری دن ہے۔ کبھی مجھے احساس نہ ہونے دیا کہ تم کتنی تکالیف برداشت کرتی رہیں تینوں ایک دوسرے سے لپٹ گئے روتے رہے۔ پھر ایک آواز جو اس دنیا کی نہیں تھی ای ڈی پس تم دیر کر رہے ہو تمہارا وقت ختم ہو چکا ہے جلدی کرو۔ یہ آواز سن کر سب کے دل دہشت زدہ ہو گئے یہ ضرور دیوتا کی آواز تھی۔ ای ڈی پس نے تھی سی اس سے کہا وعدہ کرو کہ میری بیٹیوں کا ہمیشہ خیال رکھو گے اس نے وعدہ کیا۔ ای ڈی پس نے تھی سی اس کو رکنے کے لئے

کہا اور باقی سب کو وہاں سے بھیج دیا۔ جب ہم نے مڑ کر دیکھا تو وہ غائب ہو چکا تھا صرف تھی سی اس ہی بتا سکتا ہے کہ یہ سب کچھ

تھی سی اس میری خواہش ہے کہ ہم اپنے والد کی آخری آرام گاہ دیکھ لیں۔

تھی سی اس

میں چاہوں بھی تو یہ میرے لئے ممکن نہیں۔ ای ڈی پس کی آخری خواہش تھی کہ یہ جگہ کسی کے علم میں نہ لائی جائے نہ ہی لوگ وہاں پر مقدس عبادات کو سرانجام دیں۔ وہ اپنی آخری آرام گاہ کو خفیہ رکھنا چاہتے تھے انہوں نے مجھ سے وعدہ لیا اور میں اس وعدے کو نبھاؤں گا۔ اگر میں ان کے وعدے کو نبھاؤں گا تو اس شہر میں خوشحالی آئے گی رحمتوں کا نزول ہو گا میں نے ان سے قسم کھائی اور دیوتا قسم کے گواہ تھے۔

این ٹگنی

آپ ٹھیک کہتے ہیں میں دوبارہ وہاں جانے کی خواہش نہیں کروں گی مگر ہماری خواہش ہے کہ دوبارہ اپنے پرانے شہر تھیبز میں جائیں۔ میرے دونوں بھائی جنگ کرنے والے ہیں ہمیں اس جنگ کو رکوانے کی کوشش کرنی ہے اس سے پہلے کہ وہ دونوں اپنے ہی خون کے دریا میں ڈوب جائیں۔

تھی سی اس

آپ جو چاہیں گی وہی ہو گا آپ کی ہر بات کو ماننا میرا فرض بھی ہے اور اس سے میرے دوست اور ساتھی ای ڈی پس اپنی خفیہ قبر میں خوش بھی ہوں گے۔

سوفوکلیز کے تین عظیم ڈرامے

تیسرا ڈرامہ شروع ہوتا ہے

این٘گنی

سوفوکلیز

Classical Greek Theban Plays

Antigone

Sophocles

Date Premiered: 441 BC

این ٹگنی سے پہلے سر فوکلیز کے دو ڈرامے ای ڈی پس بادشاہ اور ای ڈی پس کلونس میں پڑھنا ضروری ہے۔

ای ڈی پس بادشاہ کو دیوتاؤں کی بددعا لگی اور وہ ملک سے نکالا گیا۔

کلونس میں یہ بادشاہ دنیا سے رخصت ہوا مگر دیوتاؤں کی بددعا ابھی بھی اس کے خاندان پر اثر کر رہی ہے۔

عرصہ گزر چکا ہے۔ ای ڈی پس کے بڑے بیٹے پولونائی سز کو چھوٹے بھائی ای ٹیو کلیز نے سازش کر کے ملک سے بے دخل کر دیا بدلے کے طور پر اس نے دوسرے ممالک سے مدد مانگی اور بہت بڑی فوج کے ساتھ اپنے وطن تھیبز پر حملہ آور ہوا۔ جنگ ہوئی اور دونوں بھائی مارے گئے اب ان کا ماموں کری اون بادشاہ ہے۔ اس نے اعلان کیا ہے کہ ای ٹیو کلیز کی مکمل رسومات کے

این ٹگنی

میری پیاری بہن پہلے کیا کم مصیبتیں ہم پر آئی ہیں کہ ایک اور اعلان کر کے ہمارے غم میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ کری اون بادشاہ نے اعلان کیا ہے کہ ای ٹیو کلیز ہمارے پیارے بھائی کو اعزازات کے ساتھ دفن کیا جائے جبکہ ہمارے دوسرے پیارے بھائی پولو نائی سز کی لاش بغیر کفن کے بے آسرا پڑی رہے۔ کوئی اسے دفنانے کی جرات نہ کرے۔ جانور لاش کو کھائیں دفنانے کی سزا سنگساری ہے۔ میں اپنے مردہ بھائی کی لاش کی بے حرمتی نہیں دیکھ سکتی تو فیصلہ کیا ہے کہ اسے دفناؤں گی کیا تم میری مدد کرو گی وہ ہمارا بھائی تھا پیارا بھائی۔

ازمے نی

این ٹگنی میری پیاری بہن ایسا مت کرو دیکھو ہم کس حال میں ہیں تقدیر نے ہمارے ساتھ کیا کھیل کھیلا ہے۔ پہلے ابو جان کی بادشاہت گئی کیسی بدنصیبی تھی کہ اپنی ماں سے شادی کر کے انہوں نے ہمیں پیدا کیا پھر اسی جرم کی پاداش میں اپنے ہاتھوں سے اپنی آنکھیں پھوڑ ڈالیں۔ ماں نے خودکشی کر لی اور دونوں بھائیوں نے ایک دوسرے کو جنگ میں قتل کر ڈالا۔ ہم دو بہنیں بدقسمت بہنیں اس دنیا میں بے یار و مددگار پڑی ہیں۔ کہاں طاقت ور بادشاہ کہاں ہم دو کمزور عورتیں۔

این ٹگنی

ٹھیک ہے اب میں اکیلے ہی اپنے بھائی کو دفن کروں گی اگر تم کہو گی بھی تو میں تمہاری مدد لینے سے انکار کر دوں گی۔ دیوتاؤں کا حکم ہے کہ لاش کو احترام دیا جائے بادشاہ کا حکم برتر ہے یا دیوتاؤں کا۔ اگر اس کام میں میری جان بھی جائے تو مجھے کوئی فکر نہیں

کری اون بادشاہ نے ملک کے ممتاز لوگوں کو محل میں طلب کیا ہے وہ کہہ رہا ہے پہلے یہاں کا بادشاہ لے اس تھا پھر ای ڈی پس۔ دونوں اس جہاں سے رخصت ہوئے آپ نے ہمیشہ ان کے ساتھ وفاداری کی ملک کی بہتری چاہی۔ ای ڈی پس کے دونوں بیٹے بھی ختم ہوئے اور اب میں ان کا رشتے دار یہاں کا بادشاہ ہوں میں انصاف کا رکھوالا ہوں۔ حقدار کو اس کا حق ملنا چاہیئے اور دشمن کو سزا۔ ای ٹیو کلیز نے تھیبز کی حفاظت کرتے ہوئے جان دی اس لئے وہ ہمارے لئے بلند مقام رکھتا ہے جبکہ پولونائی سز ہمیں قتل کرنے اور ملک تباہ کرنے کے لئے آیا وہ غدار تھا۔ چنانچہ میں حکم دیتا ہوں کہ اسے مرنے کے بعد بھی سزا دی جائے اس کی لاش کو دفن نہ کیا جائے جانور اسے کھائیں کتے اس کی بوٹیاں نوچیں۔ جو حکم کی خلاف ورزی کرے گا اس کی سزا موت ہے۔

کورس (بزرگ لوگ)

آپ کا حکم سر آنکھوں پر۔

سپاہی آتا ہے پریشان حال ہے۔

میرے دل نے مجھے کہا کہ میں آپ کے پاس نہ جاؤں مگر چونکہ میں نے یہ کام نہیں کیا اس لئے ہمت کر کے آپ کے پاس آگیا۔ میں بے قصور ہوں لہذا آپ کو مجھے معاف کر دینا چاہیئے۔ صبح ہم نے دیکھا کہ کسی نے پولونائی سز کی لاش کو دفنا دیا وہاں کسی جانور کے نشان بھی نہ تھے جس سے ہم سمجھتے کہ وہ لاش لے گیا۔ ہمیں کچھ معلوم نہ ہو سکا کس نے یہ کام کیا۔ پہلے ہم پریشان ہوئے اور پھر فیصلہ کیا کہ آپ کو یہ بات بتا دینی چاہیئے۔

کورس (بزرگ لوگ)

بادشاہ سلامت کہیں دیوتاؤں نے تو یہ کام نہیں کیا۔

کری اون

لگتا ہے آپ کے دماغ درست نہیں ایک باغی شخص جو دیوتاؤں کی عبادت گاہیں برباد کرنے یہاں آیا دیوتا اس کے حق میں کام

****

سپاہی پھر محل میں داخل ہوتا ہے این ٹگنی اس کے ساتھ ہے۔ بادشاہ سلامت یہ لڑکی لاش پر مٹی ڈال رہی تھی ہم نے پکڑ لیا ہے۔ شکر ہے مجرم کو پکڑا اور اپنی جان بچا لی۔ ہم نے لاش سے مٹی ہٹا دی تھی اور کچھ دور بیٹھ گئے کچھ دیر بعد طوفان آتا محسوس ہوا یہ عورت آنسوں بہاتے وہاں آئی اس نے لاش نکالی آپ کے لئے بددعائیں کیں اور پھر لاش کو دفن کرنے کی رسومات کرنے لگی۔ ہم نے پکڑا تو اس نے کہا کہ ہاں اس نے ہی لاش دفن کی تھی بالکل نہ گھبرائی۔ شکر ہے ہماری جان بچ گئی۔

کری اون

ٹھیک ہے تم بے قصور ہو جاؤ۔ این ٹگنی تم نے لاش کو دفن کیا؟ میرے حکم کی خلاف ورزی کی۔

این ٹگنی

ایک حکم آپ نے دیا اور ایک آسمانی حکم ہے دیوتاؤں کا۔ انسان کا حکم ماننا ضروری ہے یا دیوتاؤں کا۔ میں نے دیوتاؤں کی نافرمانی ہرگز نہیں کی میں نے تو مرنا ہی ہے ایک نہ ایک دن تو دیوتاؤں کا حکم مانتے ہوئے مروں اس سے بہتر بات کیا ہو سکتی ہے۔ وہ میرا بھائی تھا اس کی لاش کی بے حرمتی نہ ہو یہ میرا فرض تھا جو میں نے پورا کیا۔

کری اون

ایک تو حکم عدولی اور اوپر سے زبان درازی۔ مجھے علم نہ تھا کہ میرے گھر میں کتنے خطرناک لوگ پرورش پا رہے ہیں۔ تم نے اکیلے یہ کام ہرگز نہ کیا ہو گا ازمے نی بھی تمہاری سازش میں شریک ہو گی اور اب موت تمہارا مقدر بنے گی۔

این ٹگنی

اگر موت دینا چاہتے ہیں تو ابھی مار دیں بھائی کی لاش دفنانا چاہتی تھی دفنا دی اب جو چاہے سزا دیں کوئی غم نہیں۔ آپ غلطی پر ہیں مگر لوگ بادشاہ سے خوفزدہ ہیں اس لئے نہیں کہتے کہ وہ غلطی پر ہے۔

ازمے نی روتے ہوئے آتی ہے۔

کری اون

تم وہ سانپ ہو جو میرے گھر میں میری خوراک پر پل رہی ہو تم درحقیقت مجھے بادشاہ دیکھ کر حسد کر رہی ہو۔

ازمے نی

میری پیاری بہن ایسا نہ کہو تم مرجاؤ اور میں زندہ رہوں یہ زندگی تو موت سے بدتر ہوگی۔ کری اون یہ آپ کے بیٹے کی منگیتر ہے ہے من سے اس کی شادی ہونے والی ہے آپ اپنی ہونے والی بہو کو قتل کروا رہے ہیں۔

کری اون

اب یہ شادی نہیں ہوگی اس نے میرے حکم کی خلاف ورزی کی ہے۔ ان دونوں کو قید کر دو جب موت سامنے نظر آتی ہے تو بھاگنے کا خیال دل میں پیدا ہوتا ہے انہیں قید کرو تاکہ بھاگ نہ سکیں۔

****

کری اون کا بیٹا ہے من آتا ہے۔

میرے پیارے بیٹے میں نے ان گستاخ لڑکیوں کے لئے جو حکم دیا کیا اس بارے میں کچھ کہنے آئے ہو۔

بیٹا کہتا ہے آپ کا حکم سر آنکھوں پر۔

کری اون

شاباش میرے بیٹے تم تابعدار بیٹے ہو ایک عورت کے لئے باپ کے خلاف ہونا بے وقوفی ہے لوگوں کو ہنسنے کا موقع بھی ملتا ہے اور ان لڑکیوں نے ثابت کیا کہ وہ شریف نہیں۔

تمام شہر نے میرے حکم کی تعمیل کی مگر صرف وہ دونوں گستاخ نکلیں۔ میں نے حکم دیا تھا کہ جو کوئی میرا حکم توڑے گا اس کی سزا موت ہوگی۔ اب اپنے حکم اور وعدے پر قائم رہنا میرا فرض تھا۔ اگر یہاں قانون توڑا جائے گا تو ہر طرف بربادی نظر آئے گی۔

بیٹا ہے من

والد صاحب آپ کا حکم ماننا میرا فرض ہے مگر میں ان لوگوں کی باتوں سے بھی واقف ہوں جو آپ کے خوف سے آپ کے سامنے

کری اون

تم کل کے بچے مجھے عقل دینے آئے ہو اس کی طرف داری کرنے آئے ہو جس نے بغاوت کی۔ بتانے آئے ہو کہ میرا حکم غلط تھا اور تھیبز کے لوگ صحیح ہیں۔ حکم میرا نہیں ان کا چلتا ہے میں بادشاہ نہیں وہ بادشاہ ہیں۔

ہے من

ابو جان ایک اکیلا شخص پورا ملک نہیں ہوتا آپ غلطی کر رہے ہیں ایک بے گناہ لڑکی کو سزا دے کر۔

کری اون

تم غلام ہو اس لڑکی کے اس غدار لڑکی کے عاشق ہو اس لئے اس کے حق میں دلائل دے رہے ہو۔ کان کھول کر سن لو اس لڑکی کو موت کی سزا دی جا چکی ہے اس پر عمل درآمد ہو گا اب یہ کبھی تمہاری بیوی نہیں بن سکتی۔

ہے من

ابو جان آپ ایسا نہیں کر سکتے کوئی پاگل شخص ہی ایسا حکم دے سکتا ہے۔

کری اون

بد تمیز گستاخ لڑکے تمہارا عشق اس لڑکی کی طرف داری کر رہا ہے مگر قانون عشق نہیں مانتا۔ اب ایک نہیں دونوں بہنوں کو مرنا ہے ابھی اسی وقت۔ یہاں انہیں موت کی سزا دی جائے گی تا کہ اس لڑکے کے دماغ سے عشق ختم ہو اور یہ حقیقت دیکھنا شروع کرے۔

ہے من یہ کہہ کر غصے میں چلا جاتا ہے کہ اگر ان لڑکیوں کو کچھ ہوا تو آپ پھر میری شکل زندگی بھر نہ دیکھ سکیں گے۔

کری اون

این ٹگنی کو سنسان جگہ میں زمین کے اندر تہہ خانے میں بند کر دیا جائے جہاں اس کی موت واقع ہو گی۔

کورس (بزرگ لوگ)

این ٹگنی

اے میرے شہر کے لوگو خدا حافظ یہ میرا آخری سلام ہے لوگ جس جگہ مرنے کے بعد جاتے ہیں میں وہاں زندگی میں جا رہی ہوں۔ اس سورج کو آخری مرتبہ دیکھ رہی ہوں دوبارہ کبھی نہ دیکھ سکوں گی۔ اجل کا دولہا میرا مقدر ہے اس گھر میں اب قدم رکھوں گی جہاں زندہ لوگ نہیں جاسکتے۔ میری شادی میں نہ کسی نے مبارکباد دی نہ ہی ڈھولک بجی نہ شادی کے گانے گائے گئے خوشی کے بجائے ہر طرف غم ہے۔

کورس (بزرگ لوگ)

تو بہادر ہے تیری موت میں زندگی ہے بلندی و برتری ہے۔ تیری بہادری کی مثالیں دنیا دے گی جو حق کی خاطر بادشاہ کے سامنے نہ جھکی تو نے عظیم مقصد کی خاطر موت قبول کی۔

* * * * * * * * * * * * * *

کری اون

حکم کی تعمیل کی جائے اسے قبر نما غار کے اندر بند کر دیا جائے۔ جب تک وہاں زندہ رہے ٹھیک ہے مگر آج کے بعد اسے دن کی روشنی دیکھنا نصیب نہ ہو۔

این ٹگنی

دنیا میں مکان تو سب کو نصیب ہوئے مگر میری قسمت میں بدترین رہائش لکھی گئی ہے مگر مرنے کے بعد میرے پیارے ابو جان اور امی جان مجھے پیار کریں گے۔ میرے بھائی پولی نائی سز صرف تمہارے لئے مجھے ایسی موت دیکھنی پڑی ہے۔ اگر بھائی کے علاوہ کوئی شخص بھی اس حالت میں ہوتا چاہے وہ میرا شوہر ہوتا یا بیٹا بھی تو اسے دفنانے کی ہمت نہ کرتی۔ شوہر دوبارہ مل جاتا ہے بیٹا بھی دوبارہ پیدا ہو سکتا ہے مگر جس کے ماں باپ پہلے ہی مر چکے ہوں اسے بھائی تو دوبارہ نہیں مل سکتا۔ اس لئے تم مجھے بہت ہی

عزیز تھے۔ کری اون نے سزا کے طور پر مجھے اس وقت موت کا حکم سنایا جب نہ تو میری شادی ہوئی نہ ہی میں ماں بنی۔ دیوتاؤں

****

نابینا شخص ٹائی ری سی اس جو غیب کا علم جانتا ہے ایک لڑکے کے ساتھ وہاں آتا ہے۔

کری اون

نیک بزرگ آدمی آپ اتنا سفر کر کے یہاں تک آئے ضرور کوئی اہم بات ہو گی جلدی بتائیں آپ کی کہی ہوئی باتیں درست ثابت ہوتیں ہیں۔

ٹائی ری سی اس

میں تمہیں یہ بتانے آیا ہوں کہ یہ شہر تباہی کے دہانے پر کھڑا ہے۔ میں دیوتاؤں کی عبادت کی غرض سے ان کے عبادت خانے میں بیٹھا تھا تا کہ غیب کا کچھ علم ہو۔ اس وقت میں نے پرندوں کو سنا جو عجیب آواز میں چیخ رہے تھے۔ ان کے پنجے خون میں نہائے ہوئے تھے۔ میں یہ دیکھ کر دہشت زدہ ہوا اور اسی حالت میں دیوتاؤں کے حضور قربانی پیش کی۔ مگر آگ نے نذرانے کو جلانے سے انکار کر دیا۔ قربانی کے جانور نے جلنے کے بجائے گندہ مادہ اپنے اندر سے نکالا۔ نذرانہ قبول نہ کیا گیا تھا اور وجہ مجھے یہ معلوم ہوئی کہ تم نے ای ڈی پس کے بیٹے کی لاش کو دفن کرنے کی اجازت نہ دی بلکہ کتوں کے لئے چھوڑ دیا کہ وہ لاش کو بھنبھوڑیں اور بے حرمتی کریں۔ دیوتا اس بات سے ناراض ہوئے اور قربانی قبول کرنے سے بھی انکار کر دیا۔
عقلمند وہ ہوتا ہے جو اپنی غلطی تسلیم کر کے اسے درست کرنے کی کوشش کرے۔

کری اون

میں سمجھ گیا تمہیں کسی نے خرید لیا ہے پیسے دے کر کہا ہے کہ میرے خلاف باتیں کرو اور مجھے ڈرا کر مجبور کرو کہ میں اپنا حکم واپس لے لوں۔ میں ہرگز تیری باتوں میں نہ آؤں گا تم جیسے لوگ تو پیسے لے کر بک جاتے ہیں میں عقل رکھتا ہوں۔ تم عقلمند تو ہو سکتے ہیں پر ایماندار نہیں مجھے بے وقوف بنانے میں کبھی کامیاب نہ ہو سکو گے۔

ٹائی ری سی اس

وقت بتائے گا جھوٹا کون ہے اور بے ایمان کون ہے۔ میں نے تو تم سے اب تک وہ باتیں چھپائیں جو تم سننے کی ہمت بھی نہیں رکھ سکتے تم اپنے جال میں خود پھنس چکے ہو۔ جس لڑکی کی شادی تم نے نہیں ہونے دی اور جسے مروا رہے ہو اس کے بدلے میں

کورس (بزرگ لوگ)

یہ نابینا شخص ایماندار ہے سچا ہے جھوٹ نہیں بولتا تو اس کی باتوں سے دل لرز اٹھا ہے۔

کری اون

میں کیا کر سکتا ہوں میں آپ لوگوں سے زیادہ پریشان ہوں اپنے حکم پر رہنا خطرناک ہے اور اسے واپس لینا خطرناک۔ دیوتاؤں سے لڑائی کہاں فائدہ دیتی ہے

کورس (بزرگ لوگ)

کری اون ابھی وقت ہے عقل کو استعمال کرو این ٹگنی کی رہائی کا حکم دو۔ لاش کو عزت کے ساتھ دفن کرواؤ اس سے پہلے کہ دیوتا کچھ کر گزریں۔ جلدی کرو انہیں منالو بلکہ کسی کو حکم دینے کے بجائے خود جا کر یہ کام کرو۔

کری اون

میں ایسا کرنا نہیں چاہتا مگر دیوتاؤں کی ناراضگی مول نہیں لے سکتا آپ لوگ بھی جلدی سے میرے ساتھ چلیں لاش کو دفن کرنا ہے اور این ٹگنی کو آزاد کرنا ہے دیوتاؤں کے عذاب سے پہلے یہ کام کرنے ہیں۔

* * * * * * * * * * * * *

ایک آدمی آتا ہے۔ کری اون جس کا گھر کبھی خوشیوں سے بھرا ہوا تھا آج تقدیر نے انہیں غم کے اندھیرے میں پھینک دیا ہے وہ آج بھی بادشاہ ہے مگر خوشیاں اس سے چھین لی گئی ہیں اور وہ زندہ لاش کی مانند ہے۔ دولت کے انبار آج بھی کری اون کے پاس ہیں مگر غم کے اس پہاڑ کے سامنے دولت بے معنی ہے۔

اس کے اپنے مر گئے اور مرے بھی اسی کی وجہ سے کیونکہ اس کے بیٹے نے غصے میں اپنے آپ کو قتل کر لیا ہے۔

وہ دیکھو کری اون کی بیوی اور ہماری ملکہ آ رہی ہے غم زدہ شاید بیٹے کی موت کا سن چکی ہے۔

ٹامس ہارڈی

کی تمام شاہکار کتب

آڈیو اور ٹیکسٹ

چارلس ڈکنز

کی تمام شاہکار کتب

آڈیو اور ٹیکسٹ

جارج ایلیٹ

کی تمام شاہکار کتب

آڈیو اور ٹیکسٹ